ٹاؤن میونسپل کارپوریشن، شاہ فیصل

شعبہ نشرواشاعت، شاہ فیصل

**PRESS RELEASE**

مورخہ :20 نومبر 2024ء


# شاہ فیصل ٹاؤن نے سندھ لوکل گورنمنٹ کمیشن کے فیصلے کے خلاف عدالت عالیہ جانے کی تیاری کرلی

## سندھ لوکل گورنمنٹ کمیشن کا فیصلہ انصاف کا قتل اور توہین الیکشن کمیشن ہے، چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک

## اس فیصلے کے خلاف ہم کونسل میں مزمتی قرارداد منظور کرانے کے بعد سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کریں گے، وائس چیئرمین شاہ فیصل طارق محمود بنگش

کراچی ( ) چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک کا سندھ لوکل گورنمنٹ کمیشن کے فیصلے کو انصاف کا قتل قرار دے دیا اس فیصلے سے شاہ فیصل ٹاؤن کے یوسی-6 اور یوسی-7 کے ایک ایک وارڈ متاثر ہونگے جن کا انتظامی کنٹرول کورنگی ٹاؤن کو دینے کا فیصلہ دیا گیا ہے وہ جانبدارانہ اور تعصب پر مبنی ہے اور یہ فیصلہ توہین الیکشن کمیشن ہے الیکشن کمیشن کی جانب سے شاہ فیصل ٹاؤن کی حد بندی کے بعد یہ علاقہ شاہ فیصل ٹاؤن کی حدود میں آتے ہیں یوسی-6 اور یوسی-7 کے دو وارڈ کے 4 سیکٹر جو کہ کورنگی صنعتی علاقے میں آتے ہیں شاہ فیصل ٹاؤن کے وجود میں آنے سے سندھ لوکل گورنمنٹ کمیشن کے فیصلے کے آنے تک ان علاقے سے ریکوری شاہ فیصل ٹاؤن جمع کرتا تھا اور سندھ گورنمنٹ ایکسائز اینڈ ٹیکس ڈیپارٹمنٹ بھی ان سیکٹر کی پراپرٹی ٹیکس کا شیئر بھی شاہ فیصل ٹاؤن کو دیتا تھا اور ہم نے اس فیصلے کے بعد سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور انشاءاللہ ہمیں کورٹ سے انصاف ملے گا موجودہ بلدیاتی نظام میں پہلے ہی ٹاؤن حکومتوں کے مالی اختیار سلب کئے گئے ہیں جو کہ آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک نے مزید کہا کہ گھبراہٹ میں کیا جانے والا یہ فیصلہ شاہ فیصل ٹاؤن کا سوا سالہ شاندار کارکردگی کو روکنے کی سازش ہے جو کہ ہمیں کسی بھی صورت میں قبول نہیں اس موقع پر وائس چیئرمین شاہ فیصل طارق محمود بنگش نے کہا کہ یوسی-6 اور یوسی-7 کے دو وارڈ کے 4 سیکٹر جو کہ شاہ فیصل ٹاؤن سے لیکر کورنگی ٹاؤن کو سونپے جانے کا جو فیصلہ کیا گیا ہے اس کا مقصد شاہ فیصل ٹاؤن کو معاشی طور پر کمزور کرنا ہے اس فیصلے کے خلاف ہم شاہ فیصل ٹاؤن کی کونسل میں مزمتی قرارداد منظور کرنے کے بعد سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کریں گے۔

**ڈائریکٹر انفارمیشن**

شعبہ نشرواشاعت / تعلقات عامہ

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن، شاہ فیصل۔